وکٹوریہ کے ذہنی صحت اور بہبود کے نئے قانون کے بارے میں معلومات

Urdu | اردو

OFFICIAL

وکٹوریہ کا ذہنی صحت اور بہبود کا نیا قانون

اس فیکٹ شیٹ میں وکٹوریہ کے ذہنی صحت اور بہبود کے نئے قانون (*مینٹل ہیلتھ اینڈ ویلبیئنگ ایکٹ 2022*) کو سمجھنے میں آپ کی مدد کے لیے معلومات موجود ہیں۔

یہ نیا قانون انسانی حقوق کی بنیاد پر بنایا گیا ہے۔ اس کے مقاصد یہ ہیں:

- لوگوں کو اچھی ذہنی صحت رکھنے کے سلسلے میں مدد دینا
- ذہنی بیماریوں کے شکار افراد کی حفاظت کرنا
- ذہنی بیماریوں کے شکار افراد کے گھرانوں اور دیکھ بھال کرنے والوں کی مدد کرنا۔

نئے قانون میں یہ یقینی بنانے کے لیے اصول موجود ہیں کہ ذہنی صحت اور بہبود کی خدمات ہر ایک کے لیے محفوظ ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ وہ خدمات سب کے لیے ہیں اور قابل رسائی ہیں۔

یہ اصول بیان کرتے ہیں کہ ذہنی صحت کی خدمات فراہم کرنے والے کمیونٹی کے تمام لوگوں سے احترام سے پیش آئیں، جن میں مختلف ثقافتوں، زبان کے گروہوں اور عقیدے کے پس منظر کے لوگ شامل ہیں۔

حقوق کا بیان

نیا قانون کہتا ہے کہ اگر کسی شخص کو ہسپتال میں اس کی ذہنی صحت کے لیے مدد مل رہی ہے تو اسے حقوق کا بیان فراہم کیا جائے۔

حقوق کا بیان ایک ایسی دستاویز ہے جو کسی شخص کے قانونی حقوق کی وضاحت کرتی ہے۔ ہسپتال کے عملے کو چاہیے کہ وہ حقوق کے بیان کو سمجھنے میں اس شخص کی مدد کرے۔

حقوق کے بیان کا کمیونٹی کی زبانوں میں ترجمہ کیا گیا ہے جو محکمہ صحت کی ویب سائٹ www.health.vic.gov.au/mental-health-and-wellbeing-act پر دستیاب ہے۔

ترجیحات کا پیشگی بیان

ترجیحات کا پیشگی بیان ایک ایسا بیان ہے جس میں ایک شخص یہ لکھتا ہے کہ وہ اپنی ذہنی صحت کے علاج اور دیکھ بھال کے حوالے سے کیا چاہتا ہے اور کیا نہیں چاہتا۔

ترجیحات کا پیشگی بیان یہ بتا سکتا ہے کہ اگر کسی شخص کا ایک لازمی علاج کیا جائے تو وہ کس طرح کی مدد چاہتا ہے۔ مثال کے طور پر، وہ کہہ سکتا ہے کہ اسے کوئی مخصوص دوا نہیں چاہیے۔

عملے کو وہ کرنے کی کوشش کرنی چاہیے جو بیان میں درج ہے۔ اگر عملہ وہ نہیں کرتا جو بیان میں درج ہے، تو اسے اس کی تحریری وجہ لازمی لکھنی ہوگی۔

ایک شخص کسی بھی وقت ترجیحات کا پیشگی بیان دے سکتا ہے۔

نامزدہ معاون شخص

ایک نامزد معاون شخص ایسا شخص ہوتا ہے جسے کوئی مریض اپنے کمپلسری ٹریٹمنٹ یا لازمی علاج کے دوران اپنی مدد کے لیے منتخب کرتا ہے۔

ایک نامزدہ معاون شخص مریض کی اس طرح مدد کر سکتا ہے:

- ذہنی صحت کے علاج اور دیکھ بھال کے بارے میں فیصلے کرنا
- ڈاکٹروں کو بتانا کہ مریض کیا چاہتا ہے۔

ایک شخص کو تحریری طور پر بتانا ہوگا کہ وہ کس شخص کو نامزد معاون شخص کے طور پر چاہتا ہے، اور اس شخص کا نامزد معاون شخص بننے پر رضامند ہونا ضروری ہے۔

نان لیگل ایڈووکیسی

نان لیگل ذہنی صحت کی وکالتی خدمت نامی ایک سروس موجود ہے۔

نان لیگل وکالتی خدمت کا مطلب ہے کہ آپ کسی ایسے شخص سے مدد حاصل کرتے ہیں جو کہ وکیل نہیں ہے۔ اس شخص کو ایڈووکیٹ کہا جاتا ہے۔

اگر کسی شخص کا لازمی علاج کیا جاتا ہے تو یہ ضروری ہے کہ اسے ایک ایڈووکیٹ کی مدد کی پیشکش کی جائے۔ اگر وہ شخص ایڈووکیٹ نہیں چاہتا تو وہ انکار کر سکتا ہے۔

اس سروس کا نام انڈیپنڈنٹ مینٹل ہیلتھ ایڈووکیسی (IMHA) ہے۔

ذہنی صحت اور بہبود کمیشن

نیا ذہنی صحت اور بہبود کمیشن اس بات کو یقینی بنانے میں مدد کرتا ہے کہ ذہنی صحت کی خدمات محفوظ ہیں اور سب کے لیے دستیاب ہیں۔

اگر کوئی شخص ذہنی صحت اور بہبود کی خدمت سے خوش نہیں ہے، تو وہ کمیشن کو بتا سکتا ہے۔ کمیشن اس کی بات سنے گا اور ایک حل تلاش کرنے کی کوشش کرے گا۔

معلومات کیسے استعمال اور شیئر کی جاتی ہیں؟

نیا قانون کہتا ہے کہ ذہنی صحت اور بہبود کی خدمات دوسرے لوگوں کے ساتھ معلومات درج ذیل صورتوں میں شیئر کر سکتی ہیں۔

- اگر کوئی شخص ہاں کہتا ہے
- یا کبھی کبھار کسی شخص کو محفوظ اور تندرست رکھنے کی صورت میں۔

نئے قانون کے تحت، لوگوں کو بہترین ممکنہ مدد فراہم کرنے کے لیے معلومات کو دیگر سروسز کے ساتھ شیئر کیا جا سکتا ہے۔

ان میں یہ شامل ہیں:

- ہاؤسنگ سروسز
- ڈرگ اینڈ الکحل سروسز۔

ایک شخص اس بات کا انتخاب کر سکتا ہے کہ آیا وہ معلومات کو دوسری خدمات کے ساتھ شیئر کرنا چاہتا ہے۔

معلومات کو ہنگامی صورتحال میں ایمبولینس سروس کے ساتھ بھی شیئر کیا جا سکتا ہے۔

مجھے مزید معلومات کہاں سے مل سکتی ہیں؟

تازہ ترین معلومات کے لیے براہ مہربانی وکٹوریہ کے ڈیپارٹمنٹ آف ہیلتھ کی ویب سائٹ پر
<https://www.health.vic.gov.au/mental-health-and-wellbeing-act mental-health-and-wellbeing-act> کا صفحہ دیکھیں۔

یہ دستاویز کسی اور فارمیٹ میں حاصل کرنے کے لیے mhwa@health.vic.gov.au
<mhwa@health.vic.gov.au> کو ای میل کریں۔

وکٹوریہ کی حکومت، 1 Treasury Place، میلبورن نے اجازت دی اور شائع کیا۔

© اسٹیٹ آف وکٹوریہ، آسٹریلیا، ڈیپارٹمنٹ آف ہیلتھ، اگست 2023۔

ISBN 978-1-76131-223-6 (آن لائن\PDF\Word)

اس ویب سائٹ پر دستیاب ہے: <https://www.health.vic.gov.au/mental-health-and-wellbeing-act Mental Health and Wellbeing Act>